سوال

(193) دو آدمیوں کی جماعت میں تیسرا آدمی کیسے شریک ہو ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو آدمی جماعت کروا رہے ہوں تو تیسرا آدمی جماعت میں کیسے شامل ہو گا کس طرف کھڑا ہو گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

دو آدمی جماعت کروا رہے ہوں تیسرا آدمی آگیا امام صاحب مقتدی کو پیچھے کر دیں۔

صحیح مسلم جلد دوم ص ۴۱۷ میں ہے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے پھر جبار بن صخر رضی اللہ عنہ آکر رسول اللہ ﷺ کی بائیں جانب کھڑے ہوگئے تو رسول اللہ ﷺ نے دونوں کو اپنے پیچھے کر دیا۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل

نماز کا بیان ج1ص 169

محدث فتویٰ